مطالعہ پاکستان (لازمی)	انٹر پارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	دوسرا گروپ
وقت: 15 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 10

نوٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 نظریہ لفظ آئیڈیالوجی کا ترجمہ ہے، آئیڈیالوجی لفظ ہے:

Ⓐ اُردو کا Ⓑ عربی کا
Ⓒ فرانسیسی کا Ⓓ یونانی کا

-2 قرارداد مقاصد پاس ہوئی:

Ⓐ 1948ء میں Ⓑ 1949ء میں
Ⓒ 1950ء میں Ⓓ 1951ء میں

-3 بنگلہ دیش کے قیام کے بعد جنرل محمد یحییٰ خان نے باقی ماندہ مغربی پاکستان میں اقتدار سپرد کر دیا:

Ⓐ فضل الٰہی چودھری کے Ⓑ ذوالفقار علی بھٹو کے
Ⓒ فیروز خان نون کے Ⓓ چودھری ظہور الٰہی کے

-4 1973ء کا آئین نافذ ہوا:

Ⓐ 11 اگست کو Ⓑ 12 اگست کو
Ⓒ 13 اگست کو Ⓓ 14 اگست کو

-5 صوبائی فرائض کی انجام دہی کے لیے جو ادارہ قانون سازی کرتا ہے:

Ⓐ قومی اسمبلی Ⓑ سینیٹ
Ⓒ صوبائی اسمبلی Ⓓ مقامی حکومتیں

-6 آزاد جموں و کشمیر کی سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد ہے:

Ⓐ 3 Ⓑ 4
Ⓒ 5 Ⓓ 6

-7 برطانیہ میں میگنا کارٹا دستاویز پر بادشاہ نے دستخط کیے:

Ⓐ 1015ء میں Ⓑ 1115ء میں
Ⓒ 1215ء میں Ⓓ 1315ء میں

-8 ”دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے“ قرآن مجید کی کس سورت میں ہے:

Ⓐ البقرہ Ⓑ آل عمران
Ⓒ النساء Ⓓ المائدہ

-9 انٹرمیڈیٹ کرنے کے بعد ایل ایل بی کرنے میں جتنے سال لگتے ہیں:

Ⓐ 2 Ⓑ 3
Ⓒ 4 Ⓓ 5

10 ڈرامائی کھیل کھیلنے سے بچے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے:

Ⓐ جسمانی Ⓑ زبان دانی
Ⓒ قائدانہ Ⓓ قوت فیصلہ

www.ilmkidunya.com

مطالعہ پاکستان (لازمی)	انٹرپارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	دوسرا گروپ
وقت: 1.45 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) نظریہ کی تعریف لکھیے۔

(ii) اسلامی فلاحی ریاست کی تعریف کیجیے۔

(iii) سترھویں آئینی ترمیم 2003ء اور اٹھارویں آئینی ترمیم 2010ء کا موازنہ کیجیے۔

(iv) محمد خان جونیجو کی حکومت کو کب اور کس نے برطرف کیا؟

(v) مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے دو اسباب لکھیے۔

(vi) عدالتی نظرِ ثانی سے کیا مراد ہے؟

(vii) صوبوں کے دو فرائض لکھیے۔

(viii) کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد بتائیے۔

(ix) ضلع کونسل کا چیف آفیسر کیا فرائض سرانجام دیتا ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) انسانی حقوق کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔

(ii) دو سیاسی حقوق تحریر کیجیے۔

(iii) معاشی حقوق کے سلسلے میں کوئی قرآنی آیت یا اُس کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

(iv) فاصلاتی نظامِ تعلیم شرح خواندگی میں اضافے کا سبب کس طرح بن رہی ہے؟

(v) انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

(vi) پاکستان میں پیش تعلیم کے سلسلہ میں حکومتی اقدامات تحریر کیجیے۔

(vii) کھیلوں کے دو جذباتی اور معاشرتی فوائد قلمبند کیجیے۔

(viii) پاکستان ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے قیام کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(ix) ڈینگی بخار سے بچنے کے لیے دو احتیاطی تدابیر لکھیے۔

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

-4 دو قومی نظریہ کا جائزہ لیجیے۔

-5 پاکستان کے آئین کے تحت دیے گئے حقوق اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کا موازنہ کیجیے۔

-6 پاکستان کے تعلیمی مسائل اور اُن کے حل کے لیے تجاویز لکھیے۔

www.ilmkidunya.com